سوال

(464) منتظم کی فرمانبرداری

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید مذہباً اہل حدیث ہے۔ مدت سے ایک عام تقویٰ شعار کو عقیدتاً اپنا مقتدا اور خلیفہ دین مانتا آیا۔ اب کسی دنیاوی معاملے میں سردار کو اپنے عندیہ میں اپنے حق کے خلاف پا کر اُس نے بیعت توڑدی اور آزادانہ زندگی بسر کرتا ہے۔ سنا جاتا ہے کہ زید سردار کی تضحیک وتذلیل بھی کرتا ہے، لیکن صوم وصلاۃ کا اب تک ایسا ہی عامل ہے، جیسا کہ زیر اطاعت سردار پابند تھا۔ پس شرعاً اس کے ساتھ سلام وکلام کرنا اور نماز میں اس کی اقتداء کرنی وغیرہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس مسئلے میں سردار جو حکم کردے، اُس پر لوگ کاربند ہوں۔ یہ مسئلہ سردار کے انتظام سے تعلق رکھتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب الادب، صفحہ:713

محدث فتویٰ